# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 4 کے لئے



| | |
|---|---|
| جملہ حقوق | Bookgroup |
| پرنٹر | J.T.S. Printer |
| | August 2011 |

# ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی اور اس سے متعلقہ activities کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سوچنے اور سیکھنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے کہانی اور تصویر دونوں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلا س میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 5 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔

# سیشن 1

| | |
|---|---|
| 10 منٹ | • بچوں سے کہیں کہ کتابیں کھولیں اور خاموشی سے تصویریں دیکھیں۔ بچوں سے کہانی کی تصویروں کے بارے میں پوچھیں کہ انہیں تصویریں کیسی لگیں۔ بچوں کو اپنی رائے کے اظہار کا موقع دیں۔ |
| 10 منٹ | • 8 - 6 بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے بات چیت کیجیے کہ کونسے بچے روزانہ نہاتے ہیں اور نہاتے ہوئے کوئی بہانہ نہیں بناتے۔<br>- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کھانے کی کون کون سی چیزیں پسند ہیں۔<br>- کون کون سی شرارتیں کرتے ہیں اور امّی ابّو انہیں شرارتوں پر کیا کہتے ہیں۔<br>- کیا وہ اپنے بڑے بہن بھائیوں کی بات مانتے ہیں۔ جو بچے کہیں کہ وہ نہیں مانتے تو ان سے پوچھیں کہ وہ کیوں نہیں مانتے۔<br>- بچوں سے انکے پسندیدہ ٹی وی پروگرام کے بارے میں پوچھیں۔<br>- بچوں سے پوچھیں کہ کتنے بچے نہانے کے چور ہیں اور ان کو نہانا کیوں نہیں پسند۔<br>- ان کو روزانہ نہانے کے فائدے بتایئے۔ |
| 15 منٹ | • ٹیچر بچوں کے ساتھ مل کر نہانے کے دوران استعمال ہونے والی چیزوں کی فہرست بورڈ پر لکھیں۔ ممکنہ فہرست یہ ہوسکتی ہے۔ بچے یہ فہرست اپنی کاپی میں اتاریں۔<br>تولیہ پانی صابن ڈونگا بالٹی برش نلکا شاور جھانواں وغیرہ |

# سیشن 2

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • آج ٹیچر بچوں سے کوپیاں کھولنے کو کہیں۔ پھر آہستہ آہستہ کتاب میں سے شروع کے 4 - 3 صفحوں سے dictation کروائیں۔ جب dictation ختم ہو جائے تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے کو غور سے پڑھیں اور اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اس کو خود صحیح کریں۔ اس کے بعد ہر بچہ اپنے کئے گئے کام کو ساتھ والے دوست کو دے کر اصلاح کرے۔ اس طرح ہر طالب علم پہلے طالب علم ہوگا اور پھر بعد میں استاد کا رول پلے کرے گا۔ |
| 15 منٹ | • بچے ایک دوسرے کی کاپیاں واپس کریں۔ بورڈ پر ٹیچر مندرجہ ذیل الفاظ لکھیں۔<br>پانی، باورچی خانہ، اسکول، آفس، بلی، ڈوکٹر، کھیل، رونا، نہانا، مولوی صاحب<br><br>اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ الفاظ اپنی کوپی میں لکھیں اور جملے بنائیں۔ |
| 10 منٹ | • ٹیچر باری باری ہر بچے سے کہیں کہ وہ اپنا بنایا ہوا جملہ پڑھ کر سنائے۔ کلاس کے سب بچے اس مشق میں حصہ لے سکیں اس لئے بہتر ہے کہ ہر بچے سے 1 یا 2 جملے سنیں۔ |

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگلے سیشن کے لئے ٹیچر بچوں کے حساب سے کلپ بورڈ یا ڈرونگ بورڈ، سفید کاغذ اور رنگین پینسلوں کا پہلے سے انتظام کریں۔

# سیشن 3

30 منٹ
- ہر بچے کو کلپ بورڈ یا ڈرائنگ بورڈ، کاغذ اور رنگین پینسل یا crayon دیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ کریں۔ جب بچے ڈرائنگ کرنا ختم کر لیں تو اسی شیٹ پر یا دوسرے کاغذ پر اپنے بارے میں لکھیں۔ والدین کا نام، کتنے بھائی بہن ہیں اور ان کے کیا نام ہیں، اپنی کسی شرارت کے بارے میں لکھیں، یہ لکھیں کہ انہیں نہانا پسند ہے کہ نہیں۔

10 منٹ
- ٹیچر کلاس کے ایک کونے سے دوسرے کونے پر رسی باندھیں اور اس پر بچوں کے بنائے ہوئے کام کو کلپ کی مدد سے باندھیں۔ ممکن ہو تو کچھ بچوں سے ان کا مضمون سنیں۔

5 منٹ
## گھر کا کام
- کہانی امّی ابّو کو پڑھ کر سنائیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- ٹیچر آج بچوں سے واحد جمع اور مذکر مونث کر وائیں۔ ٹیچر بورڈ پر مذکر الفاظ لکھیں۔ بچے انہیں کوپی میں اتاریں اور ٹیچر بچوں کی مدد سے مونث لکھیں اور بچے انہیں اپنی کوپی میں لکھیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| ابو | امی |
| لڑکا | لڑکی |
| بلا | بلی |
| چاچا | چاچی |

20 منٹ

- بچوں کی مدد سے کتاب میں بنی تصویریں دیکھ کر ان میں سے واحد الفاظ چنیں انہیں بورڈ پر لکھیں اور ان کی جمع بھی لکھیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کاپی میں اتاریں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| باورچی خانہ | باورچی خانے |
| بلی | بلیاں |
| چشمہ | چشمے |
| دوا | دوائیں |
| گیند | گیندیں |

| واحد | جمع |
|---|---|
| کھانا | کھانے |
| کانٹا | کانٹے |
| کتاب | کتابیں |
| تکیہ | تکیے |
| لڑکا | لڑکے |

10 منٹ

- جن بچوں سے اب تک کتاب کی پڑھائی نہیں کروائی ہے۔ ان کو بلا کر ان سے بھی پڑھائی کروائیں تاکہ اس طرح سے زیادہ سے زیادہ بچوں کو پڑھائی کرنے کا موقع ملے۔

5 منٹ

## گھر کا کام

امّی یا ابّو کا انٹرویو لیں کہ جب وہ چھوٹے تھے تو کیا کیا شرارتیں کرتے تھے۔ ان کی بتائی ہوئی باتوں کو لکھ کر لائیں۔

**ٹیچر کے لئے نوٹ**

اگر ممکن ہو تو ٹیچر بک گروپ کی کتاب بڑے جب چھوٹے تھے کل کے سیشن کے لئے لے کر آئیں۔

# سیشن 5

25 منٹ

- بچوں سے باری باری کہیں کہ وہ اپنی امّی سے لیا ہوا انٹرویو پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں کو بک گروپ کی کتاب ''بڑے جب چھوٹے تھے'' پڑھ کر سنائیں اور بچوں کے ساتھ گفتگو کریں کہ جب بڑے بھی ان کی طرح چھوٹے ہوتے تھے تو وہ بھی شرارتیں کرتے تھے۔ شرارتیں کرنے میں کوئی برائی نہیں ہے لیکن ایسی شرارتیں جس سے کسی کو تکلیف نہ ہو اور خود کو چوٹ نہ لگے یا نقصان نہ پہنچے کی جا سکتی ہیں۔ اب بچوں سے باری باری پوچھیں کہ وہ کون سی شرارتیں ہیں جو بے ضرر ہوتی ہیں جن سے کسی کو نقصان نہیں پہنچتا۔ اور وہ کون سی شرارتیں ہوسکتی ہیں جن سے دوسرے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ بچوں کے اس طرح سے گفتگو کرنے سے ان میں خود اعتمادی پیدا ہوتی ہے۔

10 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ یہ کتاب ہم آج ختم کریں گے اور اگلے دن ایک نئی کتاب شروع کریں گے بچوں سے باری باری پوچھیں کہ ان کو یہ کتاب کیسی لگی اور کیوں؟ اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جب وہ خود چھوٹی تھیں تو کیا شرارتیں کرتی تھیں اور ابو امی کی کون سی بات نہیں مانتی تھیں۔

# احمد

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup

187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk

Not For Sale